MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، جب اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کراچی
چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ
فون نمبر
Dailyaskarkhi@gmail.com
0331-8383955
جلد 15 | یکم فروری، بروز ہفتہ 2025، (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 266

ایم کیو ایم رہنماؤں کی پیپلز پارٹی مخالف پریس کانفرنس جھوٹ کے پلندہ کے سوا کچھ نہیں، بیرسٹر مرتضیٰ وہاب

ایم کیو ایم رہنما آپسی اختلافات کا غصہ کسی اور پر نکال رہے ہیں، انہیں کراچی کی ترقی ایک آنکھ نہیں بھاتی

آپ جتنے بھی روڑے اٹکا لیں ہم شہر کراچی کی رونقیں بحال کرکے دم لیں گے، ترجمان بلاول کا ردعمل

کراچی (آئی این پی) ترجمان بلاول بھٹو زرداری بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ ایم کیو ایم رہنماؤں کی پیپلز پارٹی مخالف پریس کانفرنس جھوٹ کے پلندہ کے سوا کچھ نہیں۔ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے ایم کیو ایم رہنماؤں کی پریس کانفرنس پر ردعمل میں کہا کہ ایم کیو ایم رہنما آپس کے اختلافات کی وجہ سے اضطراب کا شکار ہیں، ایم کیو ایم رہنما آپسی اختلافات کا غصہ کسی اور پر نکال رہے ہیں۔ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا

(بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم نے بڑے منصوبوں پر عملدرآمد کی نگرانی کیلئے سٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دیدی

سٹیئرنگ کمیٹی ایم-6، ایم-8، ایم-5 اور این-25 کی جلد از جلد تکمیل کو یقینی بنائے گی

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

ارکان پارلیمنٹ کی تنخواہ 5 لاکھ 19 ہزار روپے کرنے کی منظوری

اسلام آباد (آن لائن) فنانس کمیٹی نے اراکین پارلیمنٹ کی تنخواہوں میں اضافہ کی منظوری دے دی۔ ہر رکن پارلیمنٹ کو 5 لاکھ 19 ہزار روپے تنخواہ کی مد میں ملیں گے۔ پارلیمانی ذرائع کا کہنا ہے کہ ارکان اسمبلی کی تنخواہ میں اضافہ یکم جنوری

(بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی باہر آگئے اور الیکشن ہوگئے تو ان کا طرز سیاست ختم ہوجائے گا، رؤف حسن

بانی کو ڈیل کرنا ہوتی تو پہلے 10 دن میں ہی باہر آجاتے وہ ڈیل نہیں کررہے اسی لیے باہر نہیں آرہے

اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی رہنما رؤف حسن نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی باہر آگئے اور الیکشن ہوگئے تو ان کا طرز سیاست ختم ہوجائے گا، بانی پی ٹی آئی کو ڈیل کرنا ہوتی تو پہلے 10 دن میں ہی باہر آجاتے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ ان لوگوں کو عمران خان کے باہر آنے کا ڈر ہے، اگر وہ آج بھی باہر آنا چاہیں تو آسکتے ہیں اگر ڈیل کرلیں لیکن وہ ڈیل نہیں کررہے اسی لیے باہر نہیں

(بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

آسٹریلیا، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا آسٹریلیا کے صدر مملکت معائدہ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاک سے ملک کو سماجی اقتصادی سیکورٹی اور سائنسی طور پر فائدہ ہوگا، صدر مملکت

صدر مملکت کی پاک فضائیہ اور اس کے ہنرمند اہلکاروں، پارک میں جدید ترین تکنیکی ماحولیاتی نظام کی تعریف

صدر زرداری کا پاک فضائیہ کے زیر اہتمام نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کا دورہ، پارک کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی

راولپنڈی (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاک فضائیہ کے زیر اہتمام نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کا دورہ کیا۔ پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو بھی اس موقع پر موجود تھے صدر مملکت کو پارک کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک پاک فضائیہ کے ترقی کے سفر میں اہم سنگ میل ہے۔ یہ منصوبہ قومی اہمیت کا حامل ہے، بریفنگ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک پاکستان میں علم اور ٹیکنالوجی پر مبنی معیشت کی بنیاد بننے کے لیے تیار ہے۔ صدر کو مزید بتایا گیا کہ گپارک کا مقصد خلائی، سائبر، آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور ایرو اسپیس میں نجی اور پبلک سیکٹر کے

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد ہائیکورٹ، عمران خان کی گرفتاری کے بعد احتجاج کے مقدمے میں 10 مجرموں کی سزا معطل

ریکارڈ کے مطابق کوئی ایک بھی ملزم جائے وقوع سے گرفتار نہیں کیا گیا، تحریری فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) بانی پی ٹی آئی کی 9 مئی گرفتاری کے بعد 10 مئی 2023 کے احتجاج پر درج مقدمے کے 10 مجرموں کی سزا معطل کردی گئی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی اور جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے سزا معطلی کا حکم دیتے ہوئے سزا یافتہ مجرموں کی سزا معطل کرتے ہوئے ضمانت منظور کرلی اور 25 ہزار روپے کے مچلکوں کے عوض رہا کرنے کا آرڈر جاری کردیا۔ واضح رہے کہ انسداد دہشت

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

آئین نے سپریم کورٹ کو تماشائی بننے کیلئے اختیارات نہیں دیئے، عمران خان

بانی پی ٹی آئی کے 349 صفحات پر مشتمل خط کے ساتھ مختلف دستاویزات بھی منسلک کی گئی ہیں

خط میں سپریم کورٹ سے اپنے تمام تر اختیارات کا استعمال، ملک میں جاری ظلم و ستم کا سدباب کرنے کی استدعا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان نے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی اور آئینی بینچ کے سربراہ جسٹس امین الدین خان کو پاکستان میں آئینی نظام کی تباہی کے عنوان سے ایک طویل خط لکھ دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق عمران خان کی جانب سے لکھے گئے خط میں سپریم کورٹ سے اپنے تمام تر اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

صدر مملکت کا خیبر پختونخوا میں دہشتگردوں کیخلاف کامیاب کارروائیوں پر فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں مختلف کارروائیوں کے دوران 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ صدر مملکت نے کامیاب کارروائیوں کے دوران 10 دہشتگرد

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

القادر ٹرسٹ بلیک اینڈ وائٹ کیس، عمران کو جواب دینا پڑے گا، مفتاح اسماعیل

شہباز شریف پوری تابعداری کررہے ہیں، دیکھتے ہیں تابعداری کب تک کام کرے گی؟

اسلام آباد (آن لائن) عوام پاکستان پارٹی کے سیکریٹری جنرل مفتاح اسماعیل نے کہا کہ القادر ٹرسٹ بڑا بلیک اینڈ وائٹ کیس ہے، بانی پی ٹی آئی کو عوام کو جواب دینا پڑے گا۔ اپنے ایک بیان میں مفتاح اسماعیل کا کہنا تھا کہ ملک کا مسئلہ بانی پی ٹی آئی نہیں، ملک کا اصل مسئلہ غربت بڑھ رہی ہے، بانی نے پہلے امریکی غلامی نامنظور کہا، اب ٹرمپ سے امید لگائے بیٹھے ہیں۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ پاکستان میں ہواں کے رخ

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

پاکستان اللہ کی بہت بڑی نعمت، سب کو مل کر اس کی ترقی میں کردار ادا کرنا ہے، گورنر سندھ

پاکستان کی ترقی اور استحکام کے لئے دین اسلام کی رہنمائی ناگزیر ہے، اجتماع سے خطاب

سیرت النبی ﷺ پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے، ہم سب کو اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا ہے، ایک دوسرے کو صفوں اور دلوں میں جگہ دیں

کراچی (آئی این پی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ پاکستان اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے، ہم سب کو پاکستان کی ترقی میں مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ گورنر سندھ نے عیدگاہ شریف گراؤنڈ میں اجتماع جمعہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بانی پاکستان محمد علی جناح نے بھی اس تاریخی مسجد میں نماز ادا کی، عیدگاہ شریف کا تاریخی ورثہ ہماری دینی و ثقافتی شناخت کا مظہر

(بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

دورہ چین، صدر آصف علی زرداری 5 فروری کو بیجنگ میں چینی ہم منصب سے ملاقات کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف زرداری اپنے دورے میں 5 فروری کو بیجنگ میں چینی ہم منصب سے ملاقات کریں گے۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان اہم دوطرفہ اور اسٹریٹجک امور زیر بحث آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق، اس ملاقات میں پاکستان اور چین کے

(بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

شکارپور کے قریب تھانہ بڈو کی حدود میں لولائی برادری کے دو گروہوں میں پرانہ تنازعہ ایک بار پھر بھڑک اٹھا،

جس کے نتیجے میں ایک شخص، ایک معصوم بچی اور ایک خاتون ہلاک ہوگئے

شکارپور رپورٹ (عدیل احمد دل) شکارپور کے قریب تھانہ بڈو کی حدود میں لولائی برادری کے دو گروہوں میں پرانہ تنازعہ ایک بار پھر بھڑک اٹھا، جس کے نتیجے میں ایک شخص، ایک معصوم بچی اور ایک خاتون جان بحق ہوگئے۔ شکارپور رپورٹ (عدیل احمد دل) تفصیلات کے مطابق: شکارپور کے قریب تھانہ بدو کی حدود سومرانی گاؤں کے باہر ولائی برادری کے 2 فریقین محمد حسن عرف حسن لولائی اور عثمان لولائی میں پرانی دشمنی پر ایک خاتون اور ایک معصوم بچی سمیت 3 افراد ہلاک ہوگئے، جان بحق ہونے والوں میں 30 سالہ

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

پنجاب میں قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز تین فروری سے ہوگا

لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد میں مہم 9 فروری جبکہ دیگر اضلاع میں 7 فروری تک جاری رہے گی

سکولوں میں امتحانات کے پیش نظر انسداد پولیو مہم میں محکمہ تعلیم سے کم سے کم عملہ کی خدمات لینے کا فیصلہ

لاہور (آن لائن) پنجاب میں قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز تین فروری سے ہوگا۔ لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد میں مہم 9 فروری جبکہ دیگر اضلاع میں 7 فروری تک جاری رہے گی۔ مہم کے دوران صوبہ میں 2 کروڑ 33 لاکھ بچوں کو ویکسین کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

صدر مملکت آصف علی زرداری کو این اے ایس پی ٹی کے دورہ کے موقع پر سربراہ پاک فضائیہ بریفنگ دے رہے ہیں

امریکی شہریت صرف غلاموں کی اولادوں کیلئے تھی کسی اور کو فائدہ نہیں اٹھانے دیں گے: ٹرمپ

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار بھی اس بات پر زور دیا ہے کہ "برائٹ رائٹ سٹیزن شپ "صرف غلاموں کے بچوں کے لیے تھا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکا میں برائٹ رائٹ سٹیزن شپ کے حوالے سے بحث دوبارہ تیز ہوگئی ہے اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ اس میں پیش پیش ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ مسلسل یہ دعوی کرتے آئے ہیں کہ یہ شق اصل میں صرف اور صرف غلاموں کے بچوں کے فائدے کے لیے بنائی

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم گرفتار۔ لاکھوں روپے مالیت کی ملکی و غیر ملکی کرنسی برآمد

اسلام آباد (آئی این پی) غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم گرفتار، لاکھوں روپے مالیت کی ملکی و غیر ملکی کرنسی برآمد کرلی گئی ہے کارروائی ایف آئی اے اسٹیٹ بینک سرکل کراچی نے کی ہے۔ گرفتار ملزم کی

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

نان فائلرز کو تعمیراتی شعبہ میں کو 1 کروڑ روپے کی پراپرٹی خریدنے کی اجازت

نان فائلر سونا، قیمتی گھڑی، پرائز بانڈ، اسٹاک حصص سے بھی ایک کروڑ روپیکی پراپرٹی خرید سکتا

اسلام آباد (آن لائن) نان فائلرز کیلئے بڑی خبر، تعمیراتی شعبہ میں نان فائلرز کو 1 کروڑ روپے کی پراپرٹی خریدنے کی اجازت ہوگی۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق تعمیراتی شعبہ میں نان فائلر اب ایک کروڑ روپے تک سرمایہ کاری کرسکتے ہیں، نان فائلر ایک کروڑ روپے تک گھر، پلاٹ یا فلیٹ بھی خرید سکتے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نان فائلر ایک مکان فروخت کرکے ایک کروڑ روپے مالیت کا دوسرا مکان بھی خرید

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

لاہور ہائیکورٹ کا زیر زمین پانی کی سطح میں کمی پر اظہار تشویش

پانی کی کمی سب سے اہم مسئلہ بن چکا ہے، جب تک واٹر میٹر نہیں لگیں گے پانی ضائع ہوتا رہے گا، جسٹس شاہد کریم

زمین تو بہت ہے کہیں بھی انہیں خاص جگہ دے سکتے ہیں، آپ ایک مارکیٹ ڈویلپ کرکے لیز پر دے سکتے ہیں

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے زیر زمین پانی کی سطح میں مسلسل کمی پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سموگ کے تدارک کے لیے شہری ہارون فاروق و دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس شاہد کریم نے زیر زمین پانی کی سطح میں کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پانی کی کمی سب سے اہم مسئلہ بن چکا ہے، جب تک

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل بلوچستان اسپورٹس بورڈ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

خارجی دہشتگردوں کی پے در پے ہلاکتیں، سرغنہ نور ولی محسود کی خفیہ گفتگو منظر عام پر آگئی

راولپنڈی (آن لائن) خارجی دہشت گردوں کی پے در پے ہلاکتوں کی وجہ سے فتن الخوارج کی قیادت موبائل فون کے استعمال سے خائف ہوگئی، اس سلسلے میں فتن الخوارج کے سرغنہ نور ولی محسود کی خفیہ گفتگو منظر عام پر آگئی۔ ذرائع کے مطابق کالعدم فتن الخوارج کے سرغنہ خارجی نور ولی محسود کی جانب سے تمام دہشتگردوں کے موبائل فون استعمال پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ خفیہ گفتگو میں خارجی نور ولی محسود دہشتگردوں کو موبائل فون استعمال

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

امریکی خاتون نے خلا میں سب سے زیادہ چہل قدمی کا ریکارڈ بنا ڈالا

واشنگٹن (آن لائن) ناسا کی خلاباز خاتون سنیتا ویلیمز نے خلا میں کل 62 گھنٹے کی مجموعی چہل قدمی کرکے نیا عالمی اعزاز حاصل کرلیا ہے۔ سنیتا نے سابق خلاباز پیگی وٹسن کے 60 گھنٹے 21 منٹ

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

پاکستان کا جی ایس پی پلس اسٹیٹس انسانی حقوق اور اصلاحاتی اقدامات سے مشروط ہوگا، یورپی یونین

یورپی یونین کے نمائندہ خصوصی کی پاکستان میں چیف جسٹس سمیت اہم شخصیات سے ملاقاتیں

اسلام آباد (آن لائن) یورپی یونین نے پاکستان کو یاد دلایا ہے کہ جنرلائزڈ اسکیم آف پریفرنسز پلس (جی ایس پی پلس) کے تحت پاکستان کو حاصل ہونے والے تجارتی ثمرات کا انحصار انسانی حقوق سمیت مسائل کی فہرست سے نمٹنے میں ہونے والی پیش رفت پر ہے اور ٹھوس اصلاحات ضروری ہیں، پاکستان کا جی ایس پی پلس اسٹیٹس انسانی حقوق اور اصلاحاتی اقدامات سے مشروط ہوگا۔ یورپی یونین کے خصوصی

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

آسٹریلیا، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی آسٹریلیا کے صدر مملکت سے مصافحہ کررہے ہیں

ہم عالمی بین المذاہب ہم آہنگی ہفتہ منانے میں بین الاقوامی برادری کے ساتھ شامل ہیں، وزیراعظم

ہماری حکومت قبولیت، رواداری اور باہمی احترام کے ماحول کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہم عالمی بین المذاہب ہم آہنگی ہفتہ منانے میں بین الاقوامی برادری کے ساتھ شامل ہیں۔ یہ ہفتہ متنوع مذہبی برادریوں کے درمیان مکالمے، افہام و تفہیم اور تعاون کی اہمیت کی ایک طاقتور یاددہانی کے طور پر کام کرتا ہے۔ پاکستان جس کا تصور ہمارے بانی بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح نے تمام مذاہب کے لیے ایک پناہ گاہ کے طور پر کیا تھا، ہر شہری کے عقیدے، وقار اور مساوات کے حق کے تحفظ کے لیے اپنے آئینی حلف پر ثابت قدم ہے، ہمارا ایمان جو اسلام کی انصاف، رحم اور تمام مخلوقات کے احترام کی لازوال تعلیمات میں جڑا ہوا ہے۔ ہمیں مثال کے طور پر رہنمائی کرنے پر مجبور کرتا ہے۔ ہم ان پالیسیوں کے ذریعے ان اقدار کو برقرار رکھتے ہیں جو شمولیت اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ دیتی ہیں۔ نفرت کے بیج بونے والوں کو ہم بات چیت سے جواب دیتے ہیں۔ جو لوگ خوف کی تبلیغ کرتے ہیں، ہم ہمت سے جواب دیتے ہیں۔ تقسیم کرنے والوں کے لیے ہم پل بناتے ہیں، ہماری حکومت قبولیت، رواداری اور باہمی

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

امریکی فضائی حادثے میں جاں بحق افراد میں پاکستانی خاتون بھی شامل

عسری حسین اس امریکی ایئرلائنز کی پرواز 5342 میں سوار تھیں

واشنگٹن (آن لائن) امریکا میں مسافر طیارے سے فوجی ہیلی کاپٹر ٹکرائے جانے کے واقعہ میں ہلاک مسافروں میں ایک پاکستانی خاتون عسری حسین بھی شامل ہیں۔ عسری حسین کے شوہر حماد رضا نے مقامی میڈیا کو بتایا کہ 30 جنوری کو رات 8 بجے کے قریب جیسے ہی طیارہ ریگن نیشنل ایئرپورٹ کے قریب پہنچا تو ان کی اہلیہ نے موبائل فون پر انہیں ٹیکسٹ میسج کیا کہ ان کا طیارہ لینڈ کرنے والا ہے۔ حماد نے جوابی پیغامات بھیجے تو وہ وصول نہیں کیے جاسکے جس کا مطلب انہوں نے یہ سمجھا کہ کوئی گڑبڑ ہوگئی ہے۔ بدقسمتی سے عسری کا بھی یہ آخری پیغام ثابت ہوا۔ عسری حسین اس امریکی ایئرلائنز کی پرواز 5342 میں سوار تھیں جس سے امریکی فوج کا زیر تربیت بلیک ہاک ہیلی کاپٹر اچانک ٹکرا گیا تھا۔ عسری حسین ریاست کینساس کے شہر ویچیٹا میں کسی کام کے سلسلے میں گئی تھیں اور واپسی پر یہ ناگہانی آفت ٹوٹ پڑی۔ حادثے میں اہلیہ کو کھونے والے حماد رضا کا تعلق امریکا کی ریاست میزوری سے ہے۔ لواحقین کے قریبی دوست نے بتایا کہ حماد رضا کی 2 برس پہلے عسری حسین سے شادی ہوئی تھی۔ عسری کی عمر تقریبا 26 برس اور حماد کی عمر 25 برس ہے۔ دونوں انڈیانا یونیورسٹی کے گریجویٹ ہیں۔ حماد انرسٹ اینڈ ینگ میں اکاؤنٹ کے طور پر ملازم ہیں اور حماد کا کہنا ہیکہ ان کی اہلیہ جہاز کے سفر کو آرام دہ تصور نہیں کرتی تھیں۔ حماد رضا کے والد ڈاکٹر ہاشم رضا کا تعلق کراچی سے ہے۔ وہ ڈاکٹر ہاشم رضا ریاست میزوری کے گریجویٹ ہیں۔ ڈاکٹر ہاشم رضا ریاست میزوری کے مایہ ناز ترین ڈاکٹروں میں سے ایک سمجھے جاتے ہیں۔ وہ اس وقت میزوری بپٹیسٹ میڈیکل سینٹر میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ امریکا میں مسافر طیارے سے فوجی ہیلی کاپٹر ٹکرائے جانے کے واقعہ میں ہلاک

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

چیمپئنز ٹرافی وزیراعظم 1 فروری کو قذافی اسٹیڈیم کا افتتاح کریں گے، محسن نقوی

اسٹیڈیم کو اکتوبر میں بنانا شروع کیا اور آج 31 جنوری کو حالت آپ کے سامنے ہے، کوالٹی کے حساب سے کسی چیز پر سمجھوتہ نہیں کیا گیا

بھارت کرکٹ بورڈز سمیت تمام بورڈز سربراہان کو افتتاح کے موقع پر بلایا جائے گا، 7 فروری سے قبل تمام کام مکمل کرلیے جائیں گے

لاہور (آن لائن) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) محسن نقوی نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف 7 فروری کو لاہور کے قذافی اسٹیڈیم کا افتتاح کریں گے، جبکہ نیشنل اسٹیڈیم کراچی کا افتتاح 11 فروری کو ہوگا۔ لاہور میں قذافی اسٹیڈیم کے دورے کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا کہنا تھا کہ اسٹیڈیم کو اکتوبر میں بنانا شروع

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

احسن اقبال کی آکسفورڈ یونین مکالمے میں شاندار فتح

اسلام آباد (پ ر) احسن اقبال نے لبرل جمہوریت کے عالمی جنوب میں ناکامی کے خلاف مدلل موقف اپنایا، انہوں نے مکالمے میں 180 کے مقابلے میں 145 ووٹوں سے کامیابی حاصل کی، احسن اقبال کو آکسفورڈ یونین کے صدر اسرار کاکڑ کی دعوت پر مکالمے میں شرکت کا موقع ملا، عالمی فورم پر علمی اور فکری مباحث کے حوالے سے ایک منفرد مقام حاصل ہے، احسن اقبال نے ترقی پذیر ممالک کے حقوق عالمی انصاف کے لیے مضبوط اور مدلل مقدمہ پیش کیا، فورم پر کامیابی حاصل کرنا کسی بھی عالمی رہنما کے لیے بڑا چیلنج ہوتا ہے، اعلامیہ اسلام آباد (آن لائن) وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے آکسفورڈ یونین مکالمے میں شاندار فتح حاصل کرلی۔ وزارت منصوبہ بندی سے جاری اعلامیہ کے مطابق احسن اقبال نے لبرل جمہوریت کے عالمی

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

ایف بی آر نے دسمبر میں تاریخ کا سب سے زیادہ ٹیکس جمع کیا

جنوری 2025 میں 956 ارب روپے کا ٹیکس ہدف مقرر، 8 سو ارب سے زائد جمع ہوچکا، حکام ایف بی آر

اسلام آباد (آن لائن) ایف بی آر نے گزشتہ ماہ (دسمبر) 2024 میں تاریخ کا سب سے زیادہ ٹیکس جمع کیا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے حکام

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، جماعت اسلامی بلوچستان کے کارکنان مہنگائی، بدامنی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کررہے ہیں

متنازع پیکا ترمیمی ایکٹ کی منظوری کیخلاف یوم سیاہ، صحافیوں کا ملک بھر میں احتجاج

نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں بھی صحافیوں نے احتجاجی مظاہرہ کیا، پیکا ایکٹ نامنظور کے نعرے لگائے

نماز جمعہ کے بعد کراچی، لاہور اسلام آباد، کوئٹہ، سکھر، کندھکوٹ اور جیکب آباد سمیت دیگر شہروں میں صحافی تنظیموں کے احتجاجی مظاہرے، متنازع پیکا ترمیمی ایکٹ کو کالا قانون قرار دیا

اسلام آباد / لاہور / کراچی / پشاور / کوئٹہ (آئی این پی) پیکا ترمیمی ایکٹ کی منظوری کے خلاف پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ (پی ایف یو جے) کی کال پر صحافی تنظیموں نے ملک بھر میں یوم سیاہ منایا، نماز جمعہ کے بعد کراچی، لاہور اسلام آباد، کوئٹہ، سکھر، کندھکوٹ اور جیکب آباد سمیت دیگر شہروں میں صحافی تنظیموں نے احتجاجی مظاہرے کیے۔ جمعہ کو پیکا ترمیمی ایکٹ کی

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی ایشن کا 29 جنوری کو ہر سال یوم سیاہ منانے کا اعلان

رپورٹرز ایسوسی ایشن کا پارلیمان سے عجلت میں پاس کروانے اور صدر کا بھی بل پر عجلت میں دستخط کرنے پر اظہار تشویش

اسلام آباد (آئی این پی) پارلیمنٹری رپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان نے پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 کو پارلیمان سے عجلت میں پاس

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ڈاکٹر عمر خان بابر کے انتقال پر انکے لواحقین سے فاتحہ خوانی کررہے ہیں

چیئرمین سینیٹ کی آسٹریا کی قومی کونسل کے صدر سے ملاقات

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی آسٹریا کی قومی کونسل کے صدر والٹر روزن کرینز سے ایک اہم ملاقات کی اور دو طرفہ تعاون سمیت پارلیمانی روابط، عوامی رابطہ کاری سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پاکستان کی 26-2025 کے لیے کینڈیڈیچر کی حمایت پر اسٹریا کا شکریہ بھی ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھی اسی جذبے کے ساتھ اسٹریا کی حمایت کرے گا۔ دونوں رہنماؤں نے اقوام متحدہ کے نظام کی کارکردگی کو بڑھانے کے لئے باہمی تعاون کی کوششوں کی ضرورت پر زور دیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ عالمی امن، سلامتی اور ترقی کے لئے بہتر انداز میں کام کیا جاسکے۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی آسٹریا

(بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

کانگو میں پھنسے پاکستانیوں کو روانڈا نے ملک میں داخلے کی اجازت دیدی

پاکستانی ہائی کمیشن کیگالی نے متاثرہ پاکستانیوں کیلئے رہائش اور کھانے کا انتظام کرلیا

اسلام آباد (آن لائن) کانگو میں پھنسے پاکستانیوں کو روانڈا نے ملک میں داخلے کی اجازت دے دی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 150 کے قریب پاکستانی گوما شہر میں خانہ جنگی کے باعث پھنسے ہوئے تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کانگو میں پھنسے پاکستانیوں کو روانڈا نے ملک میں داخلے کی اجازت دے دی جس کے بعد 75 پاکستانی گوما سے روانڈا منتقل ہوگئے۔ اس حوالے سے دفتر خارجہ نے بتایا کہ پاکستانی ہائی کمیشن کیگالی نے متاثرہ پاکستانیوں کیلئے رہائش اور کھانے کا انتظام کرلیا ہے اور آنے والے دنوں میں مزید پاکستانیوں کے روانڈا جانے کا امکان ہے۔ کانگو میں پھنسے

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

اقوام متحدہ کے 79 برس

اقوام متحدہ یا یونائیٹڈ نیشنز (یو این) کو وجود میں آئے 79 برس مکمل ہو گئے۔ گزشتہ روز دنیا بھر میں اس ادارے کا عالمی دن منایا گیا۔ اس کا قیام 24 اکتوبر 1945ء ؁ کو عمل میں آیا، جس کے بعد سے ہر سال اس دن کو اقوام متحدہ کے عالمی دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد امریکی ریاست سان فرانسسکو میں 50 ممالک کے نمائندوں کا ایک اجتماع منعقد ہوا تھی جس میں ایک بین الاقوامی ادارے کے قیام کا فیصلہ کیا گیا، اس کا منشور بھی وہیں مرتب ہوا، اس ادارے کا نام سابق امریکی صدر فرینکلن ڈی روزویلٹ کی تجویز پر اقوام متحدہ رکھا گیا۔ ہر وہ ملک جو اُمین پسند ہے، اس کے چارٹر کی شرائط کو تسلیم کرنے کو تیار ہے اور ادارے کی نظر میں وہ ملک ان شرائط کو پورا کرنے کی سکت رکھتا ہے، اس کا رُکن بن سکتا ہے۔ رُکن ملک پر لازم ہے کہ وہ یو این کی ذمہ داریوں کو برابری کی بنیاد پر ادا کرے۔ آغاز میں اس کے صرف 51 ممبر تھے لیکن آہستہ آہستہ دوسرے ممالک بھی ساتھ ملتے گئے اور اس وقت اراکین ممالک کی کل تعداد 193 ہے۔ اس کی سلامتی کونسل جنرل اسمبلی اراکین کو معطل یا خارج کر سکتی ہے اور اگر کوئی رُکن چارٹر کی مسلسل خلاف ورزی کرے تو اُسے بھی خارج کیا جا سکتا ہے۔ واضح رہے کہ سلامتی کونسل ہی معطل شدہ اراکین کے حقوق رکنیت کو بحال کر سکتی ہے۔ اقوام متحدہ کے منشور میں درج ہے کہ یو این آنے والی نسلوں کو جنگ سے بچائے گا، انسانوں کے بنیادی حقوق، اُن کی اقدار کی عزت اور قدر و منزلت کو یقینی بنائے گا، نہ صرف مرد اور عورت کے حقوق کی برابری کو یقینی بنائے گا بلکہ چھوٹی اور بڑی قوموں کے مساوی حقوق کی پاسداری بھی کرے گا۔ یہ ایسے حالات پیدا کرے گا کہ عہد ناموں اور بین الاقوامی آئین کی عائد کردہ ذمہ داریوں کو نبھایا جائے، آزادی کی فضاء ؁ میں اجتماعی ترقی کی رفتار بڑھے اور معیارِ زندگی بلند ہو جائے تاہم ان مقاصد کے حصول میں وہ کس حد تک کامیاب ہو پایا ہے یہ سب کے سامنے ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے اس دن کی مناسبت سے جاری کیے گئے پیغام میں کہا کہ ترقی اور انسانی حقوق کا ویژن آج مجلہ کلاطاف وزیوں کی وجہ سے خطرے میں ہے، اس کی نمایاں مثالیں مقبوضہ فلسطین اور مقبوضہ کشمیر ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ یو این چارٹر میں درج اقدار کا احیاء ؁ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ بین الاقوامی قانون اور پُرامن بقائے باہمی پر عملدرآمد ہی عالمی اَمن کے قیام کی کنجی ہے، پاکستان نے بین الاقوامی اَمن و سلامتی کے قیام کے لیے اہم خدمات انجام دی ہیں، اس کے لیے اقوام متحدہ کے اَمن مشوہ میں فوجی اور پولیس کے دستے فراہم کیے جاتے رہے ہیں کیونکہ پاکستان کثیر الجہتی اقدامات اور اقوام متحدہ کے اصولوں کی حمایت کرتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی طرف سے جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا کہ یو این چارٹر کا منصفانہ طریقے سے نفاذ ابھی ایک بڑا چیلنج ہے، یہ دن یو این چارٹر کے اصولوں اور مقاصد کے حصول کے عزم کا اعادہ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اس کی قراردادوں کے باوجود مسئلہ کشمیر اور فلسطین تا حال حل نہیں ہو سکے، اس کی بانی دستاویز کی دفعات کو نظر انداز کیا جاتا رہا تو بحران مزید گہرے ہوتے جائیں گے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان دنیا کو سب کے لیے ایک بہتر جگہ بنانے کے لیے اقوام متحدہ کے ساتھ مل کر کام کرتا رہے گا۔ اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اقوام متحدہ سے اپیل کی کہ وہ فلسطین اور کشمیر کے مسلمانوں کو حق دلانے میں کردار ادا کرے، وہ اَمن، انسانی حقوق اور ترقی کے لیے اُمید کی کرن ہے۔ اقوام متحدہ کا قیام دنیا میں جنگ کے خاتمے اور انسانیت کے لیے اَمن، انصاف اور بہتر زندگی کے فروغ کے لیے عمل میں لایا گیا تھا لیکن بین الاقوامی امور کے ماہرین کی کثیر تعداد کی رائے میں یو این اپنے قیام کے مقاصد پورے کرنے میں ناکام رہا ہے۔ اُن کی رائے میں کئی عالمی تنازعات میں اس کا کردار مخصوص مفاد سے تک ہی محدود رہا جس کی وجہ سے 79 برس گزر جانے کے باوجود دنیا میں آج بھی اَمن قائم نہیں ہو سکا، موجودہ حالات میں غزہ میں ہونے والی انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں اس کی ناکامی کی واضح مثال ہیں اور دلچسپ بات یہ ہے کہ اسرائیل کی طرف سے کی جارہی ان خلاف ورزیوں کی نشاندہی وہ خود کر چکا ہے۔ دو عالمی جنگوں کے بعد دنیا کو اَمن اور انصاف دینے کے لیے بنایا گیا یہ ادارہ فلسطین اور کشمیر سمیت کئی تنازعات کو حل کرانے میں ناکام رہا ہے۔ ان دونوں مسئلوں پر اب تک جنرل اسمبلی میں سینکڑوں اور سلامتی کونسل میں درجنوں قراردادیں پاس کی جا چکی ہیں لیکن اسرائیل اور بھارت انہیں خاطر میں ہی نہیں لاتے پھر بھی اُن کی رکنیت قائم و دائم ہے۔ متعلقہ ماہرین کے مطابق اقوام متحدہ کے قانون کا تیسرا شق ویٹو پاور ہے جو عالمی اَمن کی بحالی اور مظلوم اقوام کو انصاف کی فراہمی کے لیے اس کے چارٹر میں رکھی گئی تھی تاہم ماضی قریب میں اس کا استعمال فلسطین اور دیگر ممالک پر اسرائیل کی بربریت جاری رکھنے کے لیے ہوا، اس عمل نے تو ویٹو پاور پر ہی سوالیہ نشان کھڑے کر دیئے۔ فلسطینی ریاست کے قیام میں ناکامی کی اہم وجہ بعض عالمی طاقتوں کی اسرائیل کے لیے اندھی حمایت ہے، جس کے بل بوتے پر وہ آج بھی فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے۔ یہی صورتحال کشمیر کی بھی ہے، بھارت خود ہی یکم جنوری 1948ء کو کشمیر کا مسئلہ اقوام متحدہ میں لے کر گیا تھا 28 جنوری 1948ء ؁ کو سلامتی کونسل نے اعلان کیا کہ ہندوستان اور پاکستان کی رضامندی سے ریاست جموں و کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ اقوام متحدہ کی نگرانی میں استصواب رائے سے ہوگا۔ پاکستان نے استصواب رائے کے لیے اپنی ذمہ داری پوری کی لیکن بھارت آج تک ایسا کرنے سے کترا تا آیا ہے۔ اب اس نے کشمیر کی جغرافیائی حیثیت بھی بدلنا شروع کر دی ہے تاکہ اگر کبھی بادل نخواستہ استصواب رائے کرانا بھی پڑے تو فیصلہ اُس کے حق میں ہو۔ عالمی طاقتیں اپنے مفاد کے لیے بھارت کا ساتھ دیتی ہیں، اہل کشمیر پر ظلم کی جب بات آتی ہے تو اُن کی سنے اور سمجھنے کی صلاحیت شاید موقوف ہو جاتی ہے۔ طاقتور ممالک کو فلسطینیوں کی نسل کشی نظر آتی ہے اور نہ ہی لبنان اور شام سمیت دیگر ہمسایہ ممالک پر اسرائیل بہماری کے شکار لوگوں کی آہ و بکا سنائی دیتی ہے۔ عالمی امور کے بعض ماہرین کا کہنا ہے کہ دراصل یو این پر چند بڑے ممالک کا قبضہ ہے، جو ایسٹ تیمور کے بارے میں اور طرح بات کرتے ہیں جبکہ کشمیر پر ان کا رویہ یکسر مختلف ہے۔ پہلی جنگ عظیم کے بعد بننے والی اقوام متحدہ کی پیش رو لیگ آف نیشنز پر بھی سوالات اُٹھائے گئے تھے جو آج اقوام متحدہ پر اُٹھائے جا رہے ہیں۔ اسے اپنی کارکردگی پر غور کرنے کی ضرورت ہے، موجودہ حالات میں اسے اپنے آپ کو ثابت کرنے کی ضرورت ہے۔ ویٹو پاور کب اور کیسے استعمال کی جا سکتی ہے اس پر بھی غور کر لینا چاہیے، جو ممالک اس کے چارٹر کی پاسداری نہیں کرتے، اس کی قراردادوں پر عمل نہیں کرتے اُن کی رکنیت معطل کرنے کا کوئی لائحہ عمل طے کیا جانا چاہیے۔ اقوام متحدہ کو فی الوقت ایسا انقلاب بنائے جس سے کسی طاقتور کو کمزور پر ظلم کرنے سے روکا جا سکے۔ اس کی کارکردگی کو دیکھتے ہوئے اب علاقائی تعاون کی تنظیمیں زیادہ فعال ہو رہی ہیں۔ ذیتا کی اس سے آج بڑی اُمیدیں وابستہ ہیں، کسی بھی تنازعے یا مسئلے کی صورت میں ممالک اسی کی طرف دیکھتے ہیں، اس کے ذیلی ادارے مختلف ممالک میں خشوع و خضوع سے کام کر رہے ہیں۔ ایسے میں اَمن کے قیام کے لیے بھی اسے متحرک ہونا چاہیے، صرف مذمت ہی کافی نہیں ہے، پہلے ہی دیر ہو چکی ہے کہیں بہت دیر نہ ہو جائے۔ اس وقت اقوام متحدہ کی سب سے بڑی آزمائش دنیا میں اَمن قائم کرنا ہے جس پر اسے ہر صورت پورا اُترنا چاہیے۔

پنجاب میں انٹرز اسکول ٹیچرز کی بھرتی کیلئے پانچ لاکھ سے زائد درخواستیں موصول

لاہور (آئی این پی) محکمہ اسکول ایجوکیشن کو پنجاب بھر میں عارضی اسکول ٹیچر انٹرز کی بھرتی کیلئے متوقعہ تاریخ تک پانچ لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہو گئیں۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن کی جانب سے صوبہ بھر میں ٹیچر انٹرز کیلئے اپلائی کرنے کی آخری تاریخ 30 جنوری تھی جس کی مقررہ تاریخ تک محکمہ اسکول ایجوکیشن کو پانچ لاکھ اٹھان ہزار تراسی آن لائن درخواستیں موصول ہوئیں۔ ایس ڈی ٹی ویب پر 03 لاکھ اٹھاسی ہزار نو سو کیاون اور افراد رجسٹرڈ ہوئے، محکمہ اسکول ایجوکیشن کی جانب سے صوبہ بھر میں چار ہفتے کیلئے 12 ہزار پانچ سو افراد کو ایس ڈی ٹی بھرتی کیلئے اپلائی گا۔ محکمہ کی جانب سے اسکول ٹیچر انٹرز بھرتی کا عمل ون فروری تک مکمل کیا جائے گا، ذرائع محکمہ پنجاب کا کہنا ہے کہ بھرتی کے عمل میں شفافیت کو برقرار رکھنے کیلئے تمام درخواستیں آن لائن وصول کی گئیں۔ پنجاب کے ڈی جی تعلیم نے کہا کہ ٹیچر انسٹرکٹ میں تقرری کا فیصلہ کڑی کی چھٹیوں کے بعد کارکردگی کو دیکھتے ہوئے کیا

نوکری کا جھانسا دے کر خاتون کو اغوا کر کے بلا کر زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (آئی این پی) خاتون کو نوکری کا جھانسا دے کر اغوا کر کے بلا زیادتی کرنے والے ملزم کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ تر جمان سیف سٹیز کے مطابق نوکری کا جھانسا دے کر زیادتی کی نشاندہی والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ لاہور نیازی اڈا کے قریب سے خاتون نے 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر کال کی اور بتایا کہ وہ قصور سے نوکری کا لالچ دے کر جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزم کی نشاندہی کی گئی۔ سیف سٹی کیمروں کی مدد سے پولیس نے ملزم کی نشاندہی کر کے اسے گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق خواتین جاب انٹرویو پر جاتے وقت کسی مرد پر سرت کو ساتھ لے کر جائیں۔ خواتین غیر محفوظ ٹیکسی کریں تو فوری طور پر 15 پر کال کرے 2 دبائیں۔ خواتین ویمن سیفٹی ایپ کے ذریعے بھی وہ پنجاب ویمن پولیس اسٹیشن سے رابطہ کر سکتی ہیں۔ کل سے بعد وہ پنجاب ویمن پولیس اسٹیشن کے نوٹس کا ایک ہزار کا اضافہ کرتے ہوئے پولیس کو موصلح پر کچھ ایا جہاں سیف سٹی کی جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزم کی نشاندہی کی گئی۔ سیف سٹی کیمروں کی مدد سے پولیس نے

فی تولہ سونے کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح 291800 تک پہنچ گئی

کراچی (آئی این پی) مقامی مارکیٹ میں فی تولہ سونے کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح 291800 تک پہنچ گئی۔ آل صرافہ ایسوسیشن کیمطابق جمعہ کو مقامی مارکیٹ میں 24 کیرٹ فی تولہ سونے کی قیمت میں 1500 روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس کے بعد فی تولہ سونے کی قیمت 2 لاکھ 91 ہزار 8 سو روپے ہوگئی ہے۔ اس کے علاوہ دس گرام سونے کے بھاؤ 1286 روپے بڑھ کر 250171 روپے ہو گئے۔ عالمی منڈی میں فی اونس سونے کے دام بھی بلند ترین سطح پر جا پہنچے، دوسری جانب عالمی منڈی میں فی اونس سونا 14 ڈالر مہنگا ہو کر 2792 ڈالر کا ہو گیا، انٹرنیشنل گولڈ مارکیٹ میں فی اونس سونا کا آل ٹائم ہائی 2784 ڈالر تھا۔ مقامی مارکیٹ میں فی تولہ سونے کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح 291800 تک پہنچ گئی۔ آل صرافہ ایسوسیشن کیمطابق جمعہ کو مقامی مارکیٹ میں 24 کیرٹ فی تولہ سونے کی قیمت میں 1500 روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس کے بعد فی تولہ سونے کی قیمت 2

خاتون اونیجا اینڈ ریو رائنس کا امریکا میں بیٹا منظرِ عام پر آ گیا

والدہ ذہنی مریض ہیں، انکی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت متاثر ہے، بیٹا

